# حیسکو پریس رلیز مورخہ یکم دسمبر 2021

## چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی، کمشنر حیدرآباد ریجن محمد عباس بلوچ سے ملاقات۔ حیسکو چیف کو مبارکباد اور شیلڈ بھی دی۔

## حیسکو ملازمین کو تحفظ فراہم کرنے اور شرپسندوں کے خلاف کارروائی میں مکمل تعاون اور مدد کی اپیل، ملاقات میں چیف آپریٹنگ آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو بھی موجود تھے۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (          ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی کمشنر حیدرآباد ریجن محمد عباس بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات۔ حیسکو چیف نے کہا کہ سب سے پہلے عوام اور ہمیں عوام کی Care کرنی ہے ، کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے، انہوں نے ملاقات میں کمشنر حیدرآباد سے پولیس اور مقامی انتظامیہ کے مکمل تعاون کی اپیل کی ہے، انہوں کہا کہ بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف حیسکو کی خصوصی ٹیمیں کارروائیاں کرتی ہیں تو حیسکو کے عملے کو دشواری ہوتی ہے، اور شرپسند عناصروں کی جانب سے حملے ہوتے ہیں ،جس کیلئے ہمیں پولیس اور مقامی انتظامیہ کی مدد چاہتے ہیں تاکہ ہم بجلی کی بہتر ترسیل کے لیئے کام کرسکیں۔ اس موقع پر کمشنر حیدرآباد محمد عباس بلوچ نے حیسکو کے عملے کو تحفظ دینے اور مکمل تعاون کا یقین دلایا، جس کے بعد کمشنر حیدرآباد نے نور احمد سومرو کو حیسکو چیف کے عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد اور شیلڈ بھی دی۔ اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو بھی موجود تھے۔ ترجمان حیسکو





حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کمشنر حیدرآباد محمد عباس بلوچ سے ملاقات کررہے ہیں، جبکہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو بھی موجود ہیں